Taj Tahir Foundation

جملہ حقوق محفوظ

سلسلہ مطبوعات عصمت نمبر ۹۳

# تارکشی کا کام



مؤلفہ

محترمہ غدیر فاطمہ صاحبہ

جسے

رازق الخیری ایڈیٹر عصمت و بنات

نے

دفتر عصمت بک ایجنسی دہلی سے شائع کیا

۱۹۳۷

تیسری بار

SAMI 32

قیمت ایک روپیہ بارہ آنے



ترچھے دھاگے نکالی ہوئی دلفریب جھالر

جملہ حقوق محفوظ

# جوہر نسواں دہلی کا پہلا سالگرہ نمبر سنہ ۱۹۳۵ء

# تارکشی کا کام


| | | |
|---|---|---|
| تارکشی | غدیر فاطمہ | ۴ |
| تارکشی کا ابتدائی طریقہ | غدیر فاطمہ | ۵ |


## پہلا باب

### تارکشی کی خوبصورت بیلیں اور تارکشی میں بسم اللہ یا محمدؐ


| | | |
|---|---|---|
| ضروری ہدایات | غدیر فاطمہ | ۷ |
| (۱) تارکشی میں بسم اللہ | غدیر فاطمہ | ۸ |
| (۲) یا محمدؐ | غدیر فاطمہ | ۹ |
| (۳) تارکشی کی آسان بیل | صفیہ جیلانی بودھی | ۱۰ |
| (۴) ڈبل پھول کی بیل | سیدہ اشرف | ۱۱ |
| (۵) ایک دلکش آسان بیل | سیدہ اشرف | ۱۱ |
| (۶) رومال کی جالی (نمونہ بلاک) | مس قمر جہاں | |
| (۷) تارکشی کا خوش نظر انسرشن | صفیہ فاطمہ | ۱۲ |
| (۸) تارکشی کی دلکش بیل | عقیلہ عسکری جعفری | ۱۲ |
| (۹) تارکشی کی نازک بیل (نمونہ بلاک) | قمر جہاں | ۱۲ |
| (۱۰) ٹیبل کلاتھ کے لئے خوبصورت انسرشن | عتیقہ خاتون | ۱۳ |
| (۱۱) دیدہ زیب انسرشن (نمونہ بلاک) | صفیہ فاطمہ | ۱۴ |
| (۱۲) تارکشی کا ایک خوبصورت انسرشن | بیگم ڈاکٹر نصیر الدین | ۱۴ |
| (۱۳) نفیس انسرشن (بلاک) | آئی۔ ایس۔ کے | ۱۶ |
| (۱۴) نفیس بیل | ماخوذ از انگریزی رسالہ سیدہ اشرف | ۱۳ |


## دوسرا باب

### جھالریں اور کنارے ۱۷


| | | |
|---|---|---|
| ضروری ہدایات | غدیر فاطمہ | ۱۷ |
| (۱) تارکشی میں جھالر (نمونہ بلاک) | عقیلہ عسکری جعفری | ۱۸ |
| ۲ تارکشی کا خوشنما کنارہ | سیدہ اشرف | ۱۹ |
| ۳ تارکشی کا دلکش کنارہ | غدیر فاطمہ | ۲۰ |
| ۴ چوڑی جھالر | ماخوذ از انگریزی رسالہ سنجیدہ اشرف | ۲۱ |
| ۵ دلفریب جھالر (نمونہ بلاک) | سنجیدہ اشرف | ۱۸ |
| ۶ خوشنما جھالر | ماخوذ انگریزی رسالہ سنجیدہ اشرف | ۲۳ |


## تیسرا باب

### گوشہ موڑے ہوئے انسرشن


| | | |
|---|---|---|
| ضروری ہدایات | غدیر فاطمہ | ۲۳ |
| ۱ آسان کونہ | عقیلہ عسکری جعفری | ۲۴ |
| ۲ تارکشی کی خوبصورت بیل معہ کونہ | نفیس فاطمہ | ۲۴ |
| ۳ گوشہ دار بیل | سنجیدہ اشرف | ۲۵ |
| ۴ بیل معہ کونہ | سیدہ اشرف | ۲۵ |
| ۵ میز پوش کے لئے سادہ کونہ | سنجیدہ اشرف | ۲۶ |


Taj Tahir Foundation

۶ گوشہ موڑتی ہوئی خوبصورت بیل نمونہ بلاک۔ سنجیدہ اشرف ۲۷
۷ کشتی پوش سیدہ اشرف ۲۶
۸ کونہ موڑا ہوا نظر فریب انسرشن غدیرہ فاطمہ ۲۷
۹ گوشہ موڑا ہوا خوشنما انسرشن (نمونہ بلاک) حنیف جیلانی بودھی بلاک
۱۰ چکردار پھول کی بیل سیدہ اشرف ۲۸


# چوتھا باب

## کونے


ضروری ہدایات غدیرہ فاطمہ ۲۹
۱ تکیہ غلاف اور بڑے کلاتھ کا کونہ مس سید اسحاق علی ۳۰
۲ سہل کونہ معہ کنارہ سنجیدہ اشرف ۳۰
۳ تارکشی کا خوبصورت کونہ بنت فاطمہ اکبرآبادی ۳۲
۴ تارکشی کا نفیس کونہ معہ کنارہ سنجیدہ اشرف ۳۳
۵ تارکشی کا خوشنما کونہ ج۔ ب۔ شملہ ۳۵
۶ تارکشی کا نفیس کونہ بیگم ایم۔ اے رحیم ۳۴
۷ میز پوش کا کونہ مس سعیدہ ضمیرالدین ۳۶
۸ میز پوش کا ایک کونہ (نمونہ سنجیدہ اشرف ۳۷
۹ میز پوش کے لئے پھولدار کونہ سنجیدہ اشرف ۳۹
۱۰ تکیہ کے غلاف کا ایک کونہ سیدہ اشرف ۳۸


# پانچواں باب

## میز پوش کے مرکز


۱ ضروری ہدایات غدیرہ فاطمہ ۳۹
۲ ہلالی کناروں دار میز پوش (نمونہ بلاک) فاطمہ جعفر ۴۰
۳ میز پوش غدیرہ فاطمہ ۴۰
۴ مکمل کشتی پوش سنجیدہ اشرف ۴۱
۵ خوبصورت و نفیس خوان پوش سیدہ اشرف ۴۳
۶ کرسی پوش کا حسین مرکز امیر حامد رضا جعفری ۴۴
۷ کرسی کے کپڑے کا نفیس مرکز سنجیدہ اشرف ۴۵


# چھٹا باب

## گریبان


۱ ضروری ہدایات ۴۶
۲ خوبصورت کالر سیدہ اشرف ۴۷
۳ دیدہ زیب کالر سنجیدہ اشرف ۴۸
۴ بلاؤز کا گلا غدیرہ فاطمہ ۵۳
۵ جمپر کیلئے تارکشی کا خوشنما گریبان بیگم سید لطیف احمد ۴۹ ۵۰
۶ قمیص کا خوشنما گریبان ایس مندو ۵۱ ۵۲


# ساتواں باب

## متفرق چیزیں


۱ ضروری ہدایات غدیرہ فاطمہ ۵۴
۲ تارکشی کا آرام دہ پنکھا غدیرہ فاطمہ ۵۵
۳ خوش نظر دسترخوان غدیرہ فاطمہ ۵۶
۴ پیٹی کوٹ کا خاکہ سیدہ اشرف ۵۷
۵ وضع دار پیٹی کوٹ غدیرہ فاطمہ ۵۸
۶ تارکشی کا دستی بیگ غدیرہ فاطمہ ۵۹
۷ زنانہ دستی تھیلی سنجیدہ اشرف ۶۰
۸ چند نفیس نمونے ایک ساتھ (نمونہ بلاک) فاطمہ جعفر ۶۳
۹ نظر فریب بلاوز سنجیدہ اشرف ۶۱
۱۰ تارکشی کا دیدہ زیب بلاؤز غدیرہ فاطمہ ۶۲
۱۱ چڑیوں کی جوڑی (نمونہ بلاک) احمد النساء ۶۳
۱۲ تاج محل آگرہ (نمونہ بلاک) عقیلہ عسکری جعفری ۶۳
۱۳ تکیہ کا خوشنما غلاف عتیقہ خاتون ۶۴
۱۴ ٹوپی پر تارکشی کی بیل غدیرہ فاطمہ ۶۵
۱۵ تارکشی کا دلکش گلاس پوش غدیرہ فاطمہ ۶۶
۱۶ تارکشی کا کشن سنجیدہ اشرف ۶۷
۱۷ بلاؤز کی بیل غدیرہ فاطمہ ۶۸


Taj Tahir Foundation

# انتباہ

اس کتاب "تارکشی کا کام" کے تمام نمونوں اور تمام ترکیبوں کے دائمی حقوقِ اشاعت محفوظ ہیں۔ کوئی صاحب اس کتاب کو یا اس کے کسی حصّہ کو۔ نیز کسی نمونے یا ترکیب کو اسی طرح یا ترمیم کرکے شایع نہ فرمائیں۔ ورنہ اخلاقی ہی نہیں قانونی جرم کے بھی مرتکب ہوں گے۔ ہاں تاجرانِ کتب معقول کمیشن پر جس قدر جلدیں چاہیں عصمت بک ڈپو سے طلب فرما سکتے ہیں۔

رازق الخیری مالک عصمت بکڈپو دہلی۔

## عصمت بک ڈپو دہلی

مطبوعہ ہمدرد پریس دہلی۔

# تارکشی

یعنی

## کپڑے میں سے دھاگہ کھینچ کر کام بنانا

یہ کام نہایت خوبصورت نفیس اور دیدہ زیب ہے اگر مضبوط کپڑے پر مضبوط دھاگے سے بنائیں تو نہایت پائدار ہے اس کام میں محنت بہت ہے لیکن تھوڑا سیکھ جانے سے اس کام کے بنانے پر اس قدر دل لگتا ہے کہ پھر محنت نہیں معلوم ہوتی اور طبیعت چاہتی ہے کہ نئے نئے نمونے بناؤ اور ایجاد کرو۔ اس کام کے متعلق معلومات بھی کافی طور سے ہونی چاہئیں۔ ورنہ ذرا سی ناواقفیت سے بہت عمدہ کام خراب ہو جاتا ہے۔ اور افسوس کے ساتھ نقصان بھی کافی ہوتا ہے۔ یہ کام ایسا بھی نہیں کہ غلط ہو گیا تو اُدھیڑ کر درست کر لیں اس کو اگر اُدھیڑا جائے تو بد سے بدتر حالت ہو جاتی ہے اور تمام تار کھینچ کر اور سکڑ کر کچھ ایسی صورت اختیار کر لیتے ہیں کہ فوراً کاٹ کر پھینک دینے کو دل چاہنے لگتا ہے۔ تارکشی کی شوقین بہنوں کو چاہیئے کہ اس فن کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں اور بہت احتیاط و خیال سے اس کام کو انجام دیں یاد رکھئے ہر وہ کام جس کو غور و فکر سے کیا جائے ضرور اچھا ہوتا اور پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے پس تارکشی بنانے سے قبل مندرجۂ ذیل باتوں کا خیال ضرور رکھیں

نمونہ بنانے سے پیشتر اس کا طول و عرض پنسل سے اس کپڑے پر بنا لیں جس پر کام بنانا مقصود ہے پھر بہت صفائی کے ساتھ تاگے نکالنا شروع کریں۔ فرض کیجئے آپ کو ایک بیل بنانی ہے۔ جس کی لمبان دو فٹ اور چوڑان ایک انچ ہے تو ایسا کیجئے کپڑے کے سرے پر جہاں سے بیل شروع کرنی ہے ایک انچ نشان پنسل سے بنا کر دو فٹ لمبا تار کھینچ لیجئے۔ واضح رہے کہ پہلا تار ذرا دقت سے نکلیگا۔ پھر انچ کے اخیر میں سے بھی اتنا ہی بڑا ایک تار نکال لیجئے اب بیل کی حد بن گئی اور دو تار اُوپر نیچے کے نکل آئے۔ بقیہ تار اس طرح نکالئے کہ بیل کے چوڑان پر جہاں پنسل سے انچ بھر نشان بنایا ہے اس کپڑے کو باریک قینچی سے چاک کر لیں اور بیل کے دوسرے سرے پر بھی ایک انچ کپڑا چاک کر لیں اب آسانی سے برابر تار نکالے جائیں۔ ذرا دقت نہ ہوگی نہ تار ٹیڑھے آڑے نکلیں گے۔ کونے وغیرہ بناتے وقت بھی اول نقشہ پنسل سے ٹریس کر لیں پھر کپڑا چاک کر کے حفاظت کے ساتھ تار نکال لیں تارکشی میں اگر دقت طلب مرحلہ ہے تو تار نکالنا ہی ہے جب صفائی اور حفاظت سے تار نکال لیں تو چاک شدہ کپڑے کو کپڑے کے ہم رنگ تاگے سے بٹن ہول اسٹیچ کر لیں اور بقیہ تار ہیم کر لیں پھر کپڑا اُلٹنے اور تار خراب ہونے کا ڈر نہیں حسب مرضی سہولت کے ساتھ کام بنا لیجئے۔ کام بناتے وقت اُلجھنا اور جلدی کرنا بھی بہت خراب عادت ہے۔ اس سے کام بنتا نہیں بلکہ بگڑ جاتا ہے۔ ہمیشہ ہر کام میں سہولت اطمینان اور صفائی کو مدِّنظر رکھنا چاہیئے تاکہ کار اہم بھی آسان ہو جائے۔

### تارکشی کے لئے ضروری اشیاء

لکڑی کا فریم، انگشتانہ یا پوردانی لمبی باریک اور سڈول سوئیاں نمبر ۸ اور نمبر ۹ بعض اوقات باریک سوئی بھی درکار ہوتی ہے جو لڑکیوں کے گھروں میں ملنا دشوار نہیں چھوٹی تیز قینچی اور موٹے باریک مختلف قسم کے دھاگے ڈرائنگ پنسل اور لکڑی کا فٹا (پیمانہ) کپڑا ناپنے کے لئے یہ چیزیں بہت قیمتی نہیں۔ ہر بہن آسانی سے فراہم کر سکتی ہیں۔

اول اول جب تارکشی بنانا سیکھیں تو مناسب ہے کہ پرانے کپڑے پر تار نکالنے شروع کریں جب تار آسانی سے نکالنا جان جائیں تو اول جس بیل کونے وغیرہ کو بنانا ہے اس کا چھوٹا سا نمونہ کسی کپڑے پر بنا لیں اور اس نمونہ کو اصلی نمونہ سے ملا کر دیکھیں اگر کوئی خامی نہیں تو نہایت مسرت کے ساتھ حسب منشا خاکہ تیار کر لیں یہ نمونہ حفاظت سے اپنے پاس رکھیں تیار شدہ نمونہ بہت کام آتا ہے اور اگر کسی وقت کوئی کام ذہن سے اتر جائے تو نمونہ بڑی مدد کرتا ہے۔ میں ہمیشہ ہر چیز کا نمونہ اپنے پاس رکھتی ہوں اور میرے پاس اس وقت نمونوں کی متعدد کتابیں موجود ہیں نمونہ کسی خالی کتاب میں پن یا ٹانکوں کے ذریعہ لگا لیجئے اور اس کے متعلق جو مشکل نصیحت ہو بطور یادداشت نمونہ کے نیچے درج کر لیجئے تاکہ وقت ضرورت آسانی ہو ہمارے بعد ہماری چھوٹی بچیوں اور بہنوں کو ان نمونوں سے بہت مدد ملے گی غرض تارکشی بنانے سے قبل اور بناتے وقت مندرجہ بالا ہدایات کے موجب کام کریں۔

غدیر فاطمہ

# تارکشی کا ابتدائی طریقہ

اول تارکشی کا کام بنانے کے لئے نقشہ کھینچ لیجئے۔ فرض کیا بیل بنانی ہے تو مطابق شکل نمبر(۱) کنارہ اول نمبر۲ کنارہ آخر کو قینچی سے چاک کر لیجئے اور تاگے نکالئے نکالنے کے بعد شکل ملاحظہ ہو۔




تاگہ نکالنے کے بعد کپڑے کی یہ شکل ہوگی

پھر ان تاگوں کو تین تین تارے کر باندھئے جس کو کہتے ہیں "ہیم کرنا" نیچے اور اوپر سے یکساں تار باندھے جائیں گے۔

بٹن ہول اسٹچ بنانے کا طریقہ





ہیم کیا ہوا نقشہ

ڈبل اسٹچ بنانے کا طریقہ



بٹن ہول اسٹچ کو نہ بیل وغیرہ کے اطراف بنایا جاتا ہے
ڈبل اسٹچ کنارہ مضبوط کرنے کے لئے بناتے ہیں۔
اس کے بنانے سے کپڑے کا کنارہ نہیں پھٹتا۔

Taj Tahir Foundation

ہیم کرنے کے بعد بیل بنانے کو دھاگہ باندھنا



جب تار ہیم کرلیں تو اس طرح دھاگے باندھیے

چوکور پھول بنانے کا طریقہ

جب کسی بیل کا گوشہ موڑنا ہو تو اس کے دھاگے اکٹھے کر کے چار برابر حصوں میں تقسیم کر لیجیے اور نقشہ نمبر (۱) مدنظر رکھ کر پھول بھریے۔



پھول نمبر ۱

آٹھ پتی کا پھول اس طرح بنے گا۔



پھول نمبر ۲

اگر آٹھ پتی کا پھول بنانا مقصود ہے تو تمام دھاگوں کو (۸) برابر حصوں میں تقسیم کر کے شکل نمبر ۲ کے مطابق بھر لیں اس قسم کے پھول کونوں اور بیلوں کے درمیان بھی بنائے جاتے ہیں۔

چکردار پھول نمبر ۳



یہ پھول چکردار ہے اس کی بھی آٹھ پتیاں ہیں دھاگے برابر کر کے اول بیچ کا حصہ بھریے۔ پھر نصف پتیاں اور اس کے بعد دائرہ بنا لیجیے

مندرجہ بالا ابتدائی طریقوں پر عبور حاصل کرنے کے بعد اس کتاب کے تمام نقشوں کو نہایت سہولت سے تیار کیا جاسکتا ہے۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# پہلا باب
# تارکشی کی خوبصورت بیلیں

## تارکشی میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برائے فریم

ضروری ہدایات:-

(۱) تارکشی میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ خاکہ بوسکی پر رنگین ڈی۔ ایم۔ سی۔ سے بنا کر فریم کرا لیجئے۔ پھر کمرے میں لگائیے۔ نہایت نفیس اور برکت کی چیز ہے۔ طرز تیاری نقشہ نمبر ۲ سے خوب عیاں ہے۔

(۲) یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ متبرک اسم بھی حسب ہدایات بنا کر فریم کرائیے اور کمرے میں لگائیے نہایت نفیس اور برکت کی چیز ہے۔

(۳) تارکشی کی آسان بیل۔ یہ بیل قمیص، بلاؤز کی آستین۔ دامن اور گریبان پر بنائیے۔ میز پوش۔ تکیہ غلاف وغیرہ پر بھی اچھی معلوم ہوگی۔ کپڑے اور دھاگوں کی مناسبت بہت ضروری ہے۔ بنانے کا طریقہ نقشے سے عیاں ہے۔

(۴) ڈبل پھول کی بیل۔

(۵) رومال کی جالی۔ یہ جالی ململ اور سلک کے رومالوں پر بہت ہی اچھی لگے گی۔ ویسے چھوٹے بڑے کلاتھ کے اطراف بچوں کے تکیہ پر بھی بنائی جاسکتی ہے اگر چھوٹی بڑی بنانا چاہیں تو دھاگے کم اور زیادہ نکال سکتی ہیں۔

(۶) خوش نظر انسرشن جو کہ بہت آسان ہے۔ جمپر کے دامن، آستین اور اسی قسم کی چھوٹی چیزوں پر بہت بھلا معلوم ہوگا۔

(۷) تارکشی کی دلکش بیل۔ یہ بیل نہایت خوبصورت صاف اور آسان ہے ٹیبل کلاتھ یا تکیہ غلاف پر بنائیے۔

(۸) نازک بیل۔ یہ بیل رومال، کرسی پوش، آئینہ پوش وغیرہ پر ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۱۲ سے بنائیے اور صفائی ملحوظ خاطر رہے۔

(۹) ٹیبل کلوتھ کے لئے خوبصورت انسرشن۔ یہ انسرشن حسب مرضی چھوٹا پتلا بنایا جاسکتا ہے۔ اور دشوار بھی نہیں اور پائیدار ہے۔ پاجامہ کی گوٹ پر یہ فیتہ بہت اچھا معلوم ہوگا۔

(۱۰) دیدہ زیب انسرشن۔ یہ انسرشن اگر رنگین بنایا جائے تو لاجواب ہے۔ پھول گلابی۔ بقیہ حصہ دھانی، بوسکی کی بلاؤز جمپر اور متفرق اشیاء پر بہت بھلا معلوم ہوگا۔ ٹیبل کور وغیرہ پر سفید ڈی۔ ایم۔ سی۔ نمبر ۸ مناسب رہے گا۔

(۱۱) خوبصورت انسرشن۔ یہ نازک انسرشن تکیہ غلاف کے درمیان میز پوش وغیرہ کے لئے بہت عمدہ ہے اور بنانے کا طرز نہایت آسان۔

(۱۲) نفیس انسرشن۔ یہ بیل سب بیلوں میں خوبصورت ہے۔ اس کے چمکدار پھول بہت دلفریب ہیں۔ سلک، بوسکی کی بلاؤز جمپر وغیرہ پر بنائیے ٹیبل کلاتھ، چیر کلاتھ۔ خوان پوش وغیرہ پر بھی اچھی معلوم ہوگی۔

(۱۳) نفیس بیل۔ اس بیل کے لئے ہم محترمہ بہن سیدہ اشرف صاحبہ کے ممنون ہیں یہ انگریزی سے اخذ کی گئی ہے۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

دھاگا نکالنے کا طریقہ

نمبر(۱)



بغیر ہیم کئے ہوئے بیل بنانے کا طریقہ

نمبر(۲)



یہ خاکہ فریم کے لئے بہت مناسب ہے بنا کر ڈرائنگ روم وغیرہ کی زینت بڑھائیے۔ بنانے کا طرز بھی بہت سہل ہے

خاکہ نمبر(۱) مدنظر رکھ کر بہت صفائی اور احتیاط سے دھاگے نکال لیجئے۔ بس اس فریم کی تیاری میں وقت طلب امر صرف تار نکالنا ہی ہے۔ تار نکالنے کے بعد بطریق نقشہ نمبر ۲ بغیر ہیم کئے ہوئے سب حروف بھر لیجئے۔ اب ملاحظہ ہو تیار شدہ نقشہ۔

غدیر فاطمہ



Taj Tahir Foundation

# ایک خوشنما خاکہ

صفائی سے بنائیے اعلیٰ چیز ہے رحمت و برکت کا خزینہ



## دلکش خاکہ



## یا محمد صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم

ترکیب تیاری:۔ مکمل خاکہ کپڑے پر رکھ کر ٹریس کر لیجئے۔ اور جس قدر حصہ پر کام بنا ہے صفائی سے قطع کر لیجئے۔ پھر سب کناروں پر نقشہ نمبر (۱) دیکھ کر بٹن ہول اسٹیچ بنا لیجئے اور مندرجہ بالا نقشہ دیکھ کر دھاگے تان لیجئے۔ لہر نما نشانات پر بٹن ہول اسٹچز بنائے جائیں گے۔ پھولوں کی جگہ دھاگے تان کر پھول بھر لیجئے بعد تیاری نقشہ کے اطراف تارکشی کی کوئی بیل بنا کر فریم کرا لیجئے۔ اور کمرے میں سجائیے۔ برکت کی چیز اور نہایت اعلیٰ ہے۔ احتیاط اور صفائی سے بنائیں۔ ورنہ خراب ہو جائے گا۔

غدیر فاطمہ

# تارکشی کی آسان بیل



ایک انچ چوڑے تاگے نکال کر ہیم کر لیجیے۔ پھر اس قدر فاصلہ سے تمام لمبان میں مطابق نقشہ گرد دے لیجیے اور اسی طریق سے چوکور جالی بنائیے۔ ایک انچ چوڑی میں ۷ مرتبہ یعنی سات تاگے لینے پڑیں گے۔ جب خانے بنا چکیں تو اوپر کی جانب ابتدائی خانہ میں سوئی نیچے اوپر ڈال کر بھر لیجیے اور اسی طریقہ سے مقابلہ والا آڑا خانہ بھر لیجیے۔ جب سات خانے آڑے حساب سے بھر جائیں گے تو بیل کا نیچے والا کنارہ آجائے گا۔ اب اوپر کی طرف بڑھائیے۔ ملاحظہ ہو شکل نمبر (۱) اب مندرجہ بالا طریق سے تمام بیل تمام کر کے بھر کے



شکل نمبر (۱)

درمیان چار چار خانے اور بھر لیجیے جو کہ نقشہ سے نمایاں ہیں۔
یہ بیل بہت آسان ہے دھاگہ ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۸ استعمال کیجیے۔ صفیہ جیلانی بودھی۔ ڈھوگری۔

## رومال کی جالی

(نمونہ بلاک ملاحظہ فرمائیے)

یہ جالی رومال و میز پوش وغیرہ کے کنارے پر بیحد خوبصورت معلوم ہوتی ہے میز پوش پر بنانے کے لئے دھاگہ نمبر ۵ کروشیا کاٹن استعمال کرنا چاہیئے اور رومال کے لئے ڈی۔ ایم۔ سی نمبر (۱۲) سفید یا رنگین حسب پسند۔

ترکیب۔ اول کپڑے میں سے ۵ دھاگے نکال لیجیے لمبان حسب مرضی اور ۵ دھاگے نکالئے اسی طور سے جب تین جگہ درمیان میں کپڑا رہ جائے اور چار جگہ دھاگے نکل آئیں تو بیچ میں جو تین پٹریاں چھوڑی گئی ہیں ان میں سے پہلی پٹری کے خالی کپڑے پر سوئی دھاگہ ڈال کر چار تاروں میں سے گذار کر کنارے پر لے آئیے۔ اور کنارے پر سوئی ڈالنے کے بعد پھر یہی عمل کیجیے۔ جب یہ لائن تمام کر لیں تو اس کے اوپر والی لائن بھی اسی طریقہ سے بنائیے۔ یعنی اوّل لائن میں جو خانہ ہے اسی خانہ میں سے اوپر کی طرف بھی سوئی گذاریئے نمونہ ملاحظہ ہو۔ اسی طرح کپڑے کی تینوں پٹریوں پر جالی بنا لیجیے۔ جو بہت عمدہ معلوم ہو گی۔

مس قمر جہاں کیمبل پور

Taj Tahir Foundation



# ڈبل پھول کی بیل

جس چیز پر بیل بنانا مقصود ہو تاگے نکال کر ہیم کر لیجیے۔
بعد ازاں مطابق نقشہ تاگے باندھ کر پھول بنا لیجیے۔

سیّدہ اشرف

# ایک دلکش آسان بیل

تارکشی کا یہ طریقہ نہایت مضبوط اور پائدار ہے۔ اس طرح مختلف بیلیں تیار کی جا سکتی ہیں اس میں جس قدر تار باہم ملا کر درمیان میں تھوڑا سا تاگہ بھر دیجیے۔ پھر چھ تاروں سے تین تار علیحدہ کرکے پھول کے مانند بھر دیجیے۔ اس کے درمیان لوزنما کھلی جگہ میں، تاگے تان کر پھول بنا دیجیے اس میں ہیم کے تاگے کھلے نہیں ہوں گے۔ بلکہ سب بھرے ہوں گے۔

سیّدہ اشرف



ایک دلکش آسان بیل

# تارکشی کا خوش نظر انسرشن



آدھا انچ چوڑے اور موافق ضرورت تاگے نکال کر ہیم کریجیے۔ اور سفید کپڑے پر رنگین ڈی۔ ایم سی کاٹن نمبر ۸ لے کر چھ تار چار بار بھریئے۔ پھر اِدھر اُدھر والا ایک ایک تار چھوڑ کر چار تار بھریئے۔ جب چھ تار بھر چکیں۔ تو ایک تار اِدھر اُدھر والا چھوڑ کر صرف دو تار بھریئے۔ اور آخر تک لاکر تمام کیجیے خوبصورت بیل تیار ہے۔ صفیہ فاطمہ دختر سید آل مرتضیٰ رضوی آگرہ

# تارکشی کی دلکش بیل



ایک انچ چوڑے تاگے نکال کر ہیم کر لیجیے۔ پھر تین انچ کے فاصلے سے حسب نمونہ ۵-۵ تاگے باندھ کر پھول بنا لیجیے جو کہ نقشہ سے نمایاں ہے۔ یہ بیل خوبصورت ہونے کے علاوہ آسان ہے۔

عقیلہ عسکری جعفری۔ آگرہ۔

# تارکشی کی نازک بیل

(بلاک کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے)

یہ بیل بہت ہی نازک و خوبصورت ہے۔ امید کہ بہنیں اسے پسند کریں گی۔

ترکیب۔ پہلے کپڑے پر دو انگل چوڑے تاگے نکالئے۔ اُس کے بعد دونوں طرف چار چار تاگے لے کر بھریئے۔ دیکھئے (نقشہ نمبر ۱) تاگے بھرنے کے بعد شروع میں پہلے دو دھاگوں میں سوئی سے پھندا لگائیے۔ اور اسی تاگے کو نیچے کر کے دو یہ تاگے اور دو الگ سے لے کر چار تاگوں میں پھندا لگائیے یہ خیال رہے کہ پھندا بیچ میں نہ لگے بلکہ کنارے پر اسی طرح اس میں چھوٹی چھوٹی لوزیں بنتی جائیں گی۔ اس طرح سب بنانے کے بعد نقشہ کے مطابق تاگے باندھئے پہلے ایک طرف سے شروع کیجیے لہر کی طرح بن جائے گا۔ پھر دوسری طرف سے باندھتے وقت بُندکیاں بناتی جائیے۔ چونکہ نمونہ بہت صاف ہے اس لئے زیادہ ترکیب نہیں لکھتی ہوں۔ بہت آسان ہے بہنوں کی سمجھ میں آسانی سے آ جائے گا۔

قمر جہاں۔ لکھیم پور

# ٹیبل کلاتھ کے لئے

## خوبصورت انسرشن

یہ انسرشن نہایت خوبصورت اور آسان ہے پہلے کپڑے میں سے دو انگشت چوڑے دھاگے نکال کر باریک ریل کے ڈورے سے ہیم اسیچ بنالیں سوئی میں ڈی۔ ایم۔ نمبر۱۲ پرو کر آٹھ تار سوئی سے بھریں آٹھ دس پھیر بھر کے ایک ایک ادھر اُدھر کا تار چھوڑ کر چھ تار اسی طرح بھریں چھ میں کا ایک ایک چھوڑ کر چلیتا اسی طریقہ سے بھریں چار تاروں میں بھی ایک ایک ادھر اُدھر کا چھوڑ کے باقی جو دو تار ہیں ان کو آٹھ پھیر بھر کے پھر چار تار بھرنا شروع کریں پھر چھ پھر آٹھ تاروں کو اسی طرح بھریئے یعنی جس طریقہ سے (الف) سے بھرنا شروع کیا ہے، اسی طرح (ب) تک بھرے جائیں گے (ب) تک بھر کے اب دوسرا کنگورہ شروع کریں دوسرا کنگورہ پہلے کنگورے کے مطابق بھرا جائے گا دونوں کنگوروں سے درمیان جو خالی تار نظر آتے ہیں ان کو بھی درمیان کے پھول کے حسب نمونہ بھریئے، صفائی کا خیال لازمی ہے۔



عتیقہ خاتون دختر ڈی سلطان حسن بچھراؤں

# نفیس بیل

یہ نفیس بیل جس چیز پر دل چاہے بنالیجئے۔ خصوصاً بلاؤز کے گلے اور آستین پر بہت خوشنما معلوم ہوتی ہے۔ کام ذرا محنت طلب ہے لیکن خوبصورتی حد سے زائد ہوتی ہے۔ کپڑے اور تاگے کی موزونیت کا خیال ملحوظ خاطر رہے۔



ماخوذ از انگریزی سیدہ اشرف

# دیدہ زیب انسرشن

ایک انچہ چوڑے اور موافق ضرورت لمبے تاگے نکال کر دونوں طرف سے پانچ پانچ تاگے باندھ لیجئے۔ پھر ڈی۔ ایم۔ سی۔ کوٹن نمبر ۸ سوئی میں لے کر درمیان سے ایک دفعہ چھ اور ایک دفعہ تین بندھے ہوئے تار باندھ لیجئے اور پھر دوسرا تاگہ سوئی میں ڈال کر مطابق نقشہ گرہ لگانی شروع کریں چار بار تاگہ پھیرنے سے تمام گرہیں لگ جائیں گی اب جہاں تین تاگے ہیں اور چھ تاگوں والے حصہ کا بیچ ہے پھول کے لئے جگہ بنالیجئے اور آڑی سوئیوں سے پھول بھر لیجئے۔ نقشہ بلاک کا ہے مزید تفصیل کی ضرورت نہیں۔

صفیہ فاطمہ، دختر سید آل مرتضیٰ رضوی۔ آگرہ

# تارکشی کا ایک خوبصورت انسرشن

بنانے کی ترکیب:۔ اس نمونے کے بنانے کے لئے تاگہ نمبر ۴ سوئی نمبر ۱۰ اور ایک چھوٹی قینچی کی ضرورت ہوگی یہ انسرشن چادر، میز پوش، قمیصوں کے دامن و گریبان، تکیوں کے غلاف وغیرہ پر بہت معلوم ہوتا ہے۔ خاص کر قمیص کے دامن یا تکیہ کے غلاف پر جب کہ استر سرخ ہو عجیب لطف دیتا ہے۔ اس کے بنانے کی ترکیب ذیل میں درج کرتی ہوں۔

جتنا چوڑا بنانا ہو اتنے چوڑے تاگے نکال لیجئے۔ ڈیڑھ دو انچ کافی ہوں گے۔ کپڑے کی مناسبت سے تاگے نکالنے چاہئیں یعنی اگر کپڑا بڑا ہے تو زیادہ تاگے نکالئے۔ اگر چھوٹا ہے تو کم نکالئے۔ تاگے کشید کرنے پر کپڑے کی حالت شکل نمبر ۱ کی طرح ہوگی۔ اس کے بعد دس بارہ تاگے سوئی پر رکھ کر کچے تاگوں کے بنڈل بناتے ہوئے کپڑے کے دونوں کنارے ترپ لیجئے۔ ترپنے پر کپڑے کی حالت شکل نمبر ۲ کی طرح ہوگی۔

اب سوئی کے اندر ریل نمبر ۴ کا دوہرا تاگا لے کر انسرشن بنانا شروع کیجئے۔ پہلے آٹھ بنڈل پر دوہرے تاگہ سے صرف ایک ایک گرہ لگا دیجئے۔ نویں بنڈل پر دس یا بارہ گرہ لگا کر نیچے کی جانب (شکل ۳ (د) پھلی بنائیے۔ آخری گرہ کے ساتھ پاس والا بنڈل بھی باندھ لیجئے۔ اور اس پر بھی دس یا بارہ گرہ لگا کر اوپر کی جانب پھلی بنائیے۔

دیکھو شکل نمبر ۳ (ب) اسی طرح ہر نویں بنڈل پر پھلیاں بناتے ہوئے اس دوہرے تاگے کو انسرشن کی پوری لمبائی

# تارکشی کا ایک خوبصورت انسرشن






تک پھیر دیجئے۔ ہر دو پھلیوں کے بننے سے ایک مرکز بن جائے گا۔ جس کی مدد سے آگے بنانا آسان ہوگا۔ اب دوسرا تاگا لیجئے۔ اور اس کو بھی پہلے تاگے کے موافق ہر بنڈل میں گرہ لگا کر پہلے تاگے سے چوخانہ بناتے ہوئے اور ایک بنڈل کم کرکے ڈالنا شروع کیجئے۔ جب آپ اس نشان (...) پر پہنچیں اس وقت ایک بنڈل اور کم کردیں دیکھو شکل نمبر ۲ (ب) اس طرح ہر بار دو بنڈل ایک خانہ کے شروع میں اور ایک اخیر میں کم کرتے ہوئے آپ پانچ دوسرے تاگے ڈال لیں۔ جب آپ پانچ تاگے بھر لیں گی اُس وقت انسرشن کی حالت شکل نمبر ۳ (ش) کی طرح ہوگی۔ اب آپ ہر اس طرح (...) کی شکل جو کہ پانچویں تاگے کی پھلیوں سے بن گئی ہے) کے سامنے والے دونوں بنڈل کے اوپر بھی پھلیاں بنالیں۔ دیکھو شکل نمبر ۳۔ (ج) اور تاگے کو مضبوط کرکے قینچی سے کاٹ دیں۔ اس طرح ایک چوخانہ پھلیوں کا بن گیا۔ دیکھو شکل نمبر ۳۔ (ج) اب اس چو خانے کو مرکز خیال کرکے آپ باقی چار تاگے بھی پھیر لیں۔ لیکن ہر بار پھلی ڈالتے وقت ایک ایک بنڈل بڑھاتی جاویں اور انسرشن پورا کرلیں۔ شکل نمبر ۴ مکمل انسرشن ہے نقشے صاف ہیں خاص کر نمبر ۴ جو کہ مکمل انسرشن ہے۔ آپ بغیر ترکیب پڑھے ہوئے صرف نقشہ دیکھ کر مکمل انسرشن بنا سکتی ہیں۔ اگر یہ انسرشن تکیوں کے غلاف۔ میز پوش۔ قمیص کے گریبان یا دامن پر بنائیں تو کونوں پر تار کشی کے حسب پسند پھول بنالیں۔

بیگم ڈاکٹر نصیر الدین غوری

# نفیس انسرشن

(بلاک کا نمونہ ملاحظہ فرمایئے)

یہ دل کش انسرشن بوسکی اور لٹھے وغیرہ پر ڈی۔ ایم۔ سی۔ کاٹن نمبر ۲۵ سے بنائیں۔ بہت عمدہ معلوم ہوگا۔ فراک کے گھیر۔ جمپر اور تکیہ کے غلاف و ٹیبل کور کے لئے مناسب ہے۔ نقشہ واضح ہے مزید تفصیل کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ جو بہنیں نہ تیار کرسکیں وہ بذریعہ ایڈیٹر صاحبہ جوہر نسواں مجھ سے دریافت کرلیں نمونہ یا مفصل ترکیب بھیجدوں گی۔

آنسہ ایس۔ کے۔ لاہور

دفتر عصمت کی کتابیں اپنے اپنے موضوع پر بہترین اور حقیقتاً نہایت مفید تسلیم کی جاتی ہیں۔
دفتر عصمت نے زنانہ دستکاری کے سلسلہ میں جو کتاب شائع کی ہے مُلک بھر میں مقبول ہوئی ہے

Taj Tahir Foundation

# دوسرا باب

## جھالریں اور کنارے

### ضروری ہدایات

(۱) **تارکشی میں جھالر**۔ یہ جھالر بہت آسان ہے۔ اوّل ڈھائی انچ تاگے کپڑے کے بالکل سرے سے نکال کر پھندے باندھ لیجئے۔ پھر پاؤ انچہ کپڑا چھوڑ کر چار تار نکالئے اور مطابق نقشہ پھندے دے لیجئے۔ پھر پاؤ انچہ کپڑا چھوڑ کر چار تار نکالئے۔ اور مطابق نقشہ پھندے دے لیجئے۔ تاکہ کپڑا پھٹنے نہ پائے۔ پھر نصف انچ کپڑا چھوڑ کر ایک انچ تاگے نکال کر حسب نمونہ لہریا بنا لیجئے۔ جو کہ بہت آسان اور بلاک کے نقشے سے صاف ظاہر ہے۔

(۲) **تارکشی کا خوشنما کنارہ**۔ یہ کنارہ میز پوش۔ خوان پوش۔ انگیٹھی۔ پردے۔ کرسی پوش وغیرہ کے لئے بہت اچھا ہے۔ حسب ہدایات تیار کیجئے۔

(۳) **تارکشی کا کنارہ معہ انسرشن**۔ یہ کنارہ ٹیبل کور پر بہت اچھا معلوم ہوگا۔ معہ انسرشن بنایئے درمیان میں اور کوئی مرکز بنا لیجئے۔ بہت کارآمد چیز ہے۔ اور حد درجہ خوشنما طرز تیاری نقشہ سے عیاں ہے۔

(۴) **دلفریب جھالر**۔ یہ جھالر آڑے آڑے تاگے نکال کر بنائی گئی ہے۔ جو کہ بہت ہی عمدہ معلوم ہوتی ہے۔ ساتھ ہی پائدار بھی ہے۔ انگیٹھی اور میز پوش وغیرہ میں بہت عمدہ معلوم ہوگی۔

(۵) **چوڑی جھالر**۔ یہ جھالر بھی بہت نفیس ہے۔ چیر کلاتھ اور پردوں میں بہت ہی اچھی معلوم ہوگی۔ ذرا صفائی سے بنایئے۔ اور تاگے احتیاط سے نکالئے۔ بہت مشکل نہیں ہے۔

(۶) **خوشنما جھالر**۔ یہ جھالر بھی بے حد خوشنما اور نازک ہے۔ سب سے اوّل تار نکالنے میں احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ پھر بہت عمدہ اور صفائی سے تیار کر سکتی ہیں۔ یہ کام پائدار ہوتا ہے۔ اگر تمیز سے استعمال کیا جائے تو برسوں کام آتا ہے۔

Taj Tahir Foundation

# تارکشی میں جھالر

(بلاک کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے)

یہ جھالر میز پوش۔ یا آتشدان کے کپڑے پر اچھی معلوم ہوتی ہے خصوصاً میز پوش پر تو بہت ہی دلکش اور بھلی معلوم ہوتی ہے۔ جتنی چوڑی جھالر بنانا ہو اُسی اندازے سے دھاگے نکال لیجئے۔ ترکیب نقشہ سے نمایاں ہے۔

عقیلہ عسکری جعفری۔ آگرہ

# تارکشی کا کنارہ

یہ جھالر نہایت خوشنما ہوگی۔ گو اس کا بنانا کچھ مشکل نہیں تاہم نو مشق بہنوں کی سہولت کے خیال سے بنانے کے طریقے اور ترکیب درج ہے۔ پھر بھی کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو بہنیں بلاتکلف مجھ سے دریافت کر سکتی ہیں۔

کنارہ بنانے کے لئے اشیاء ضروری۔ ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۲۵ نمبر ۱۶۔ کپڑا سی۔ م ہزار یا نین سکھ اگر کنارہ نفیس و نازک بنانا مقصود ہو تو کسی بھی قسم کے مہین کپڑے پر کلار کس ریل نمبر ۵۰ سے بنائیے نہایت دلفریب ہوگی۔ یہ تاگہ نارک کر ہٹ ودستکاری کے لئے عین مناسب ہے۔

پہلے کپڑے سے نقشے کے مطابق، جیسا کہ نشان (ج) سے ظاہر ہے نہایت صفائی اور اطمینان کے ساتھ دھاگے نکال لیجئے۔ پھر نقشہ نمبر ا کے مانند ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۲۵ سے بنائیے۔ پھر اس تیار شدہ درمیانی خانہ میں پھول بنا دیجئے پھول بنانے کا طریقہ نقشہ نمبر ۲ سے صاف ظاہر ہے۔

پھول کا درمیانی حصہ نمبر ۳ کی طرح بنائیے۔



بعدہٗ اس قسم (۱) کے تمام نشانات ڈی۔ ایم۔ سی۔ نمبر ۱۶ سے کاڑھئے۔ کنگورے جس طرح کاج بنائے جاتے ہیں لیکن اس میں سوئی کے آگے دھاگے کا دوہرا بل لیکر بنائیے۔ اس قسم کا اسٹیچ نہایت مضبوط ہوتا ہے جس کی وجہ سے کپڑے سے دھاگے نہیں کھنچتے۔ خصوصاً کنگورے بنانے کے لئے یہ طریقہ مناسب ہے کاج اسٹیچ بنانے کا طریقہ درج ہے دوسرے کنارے سے تھوڑے تھوڑے دھاگے نکال لیجئے۔ اور موڑ کر ہیم کر دیجئے جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے۔

لیجئے نہایت خوشنما جالی دار کنارہ تیار ہوگیا۔ یہ جھالر بجائے ڈی۔ ایم۔ سی کے ریل نمبر ۴۰ نمبر ۵۰ سے بھی بن سکتی ہے اور کروشیا کاٹن نمبر ۴۰۔ ۵۰ بھی مناسب ہے۔

سیدہ اشرف

# ترچھے دھاگے نکالی ہوئی

دلفریب جھالر نمبر ا

(نمونہ بلاک ملاحظہ ہو)

ترکیب:۔ کپڑا مضبوط۔ ڈیڑھ چھ انچ چوڑا اور جتنی لانبی جھالر رکھنی ہو لے کر حسب نقشہ تار نکالیں اور جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے (ایک حصہ سے) تمام بٹن ہول اسٹیچ بنا کر دھاگے باندھ لیں۔ تین تین دھاگے باندھے جائیں گے۔ اب پھول بنائیے۔ نوک میں ایک پھول بڑا ہوگا۔ باقی چھوٹے جیسا کہ نقشہ سے عیاں ہے۔ لکیر سی کاڑھ لیجئے۔ مابعد تھوڑا کپڑا چھوڑ کر کنگورے نزاش دیں۔ اور دوسری جانب اُلٹ کر اور موڑ کر ٹانکے لگا دیں۔ اب کروشیا سے ٹکے بنا کر ناگ چھاپ گولا (جو ہل کے بنے ہوئے ہوتے ہیں) سے جھالر بنائیے نہایت خوشنما کارآمد چیز تیار ہوگی۔

سنجیدہ اشرف

# چوڑی جھالر

نمونہ صفحہ ۱۲ پر دیکھئے

نمونہ صفحہ ۱۲ پر دیکھئے

یہ جھالر کرسی کے کپڑے آئینہ پوش۔ پردے وغیرہ کے لئے مناسب ہے۔ آپ حسب دلخواہ دیگر اشیا پر بنا سکتی ہیں۔ بہت آسان اور دلکش طریقہ ہے۔

سیدہ اشرف

Taj Tahir Foundation

# تارکشی کا خوشنما کنارہ




از سیّدہ اشرف

# تارکشی کا دلکش کنارہ معہ خوشنما انسرشن



غدیر فاطمہ

مطابق نقشہ صفائی سے تیار کیجئے۔ تیار کرنے کا طریقہ / پھول کا نقشہ کاغذ سے بنا کر حسب ضرورت کاڑھئے۔ ٹی - ایم - ٹی کاغذ پر ڈیزائن اتار کر ٹانکا لگا دیں اور کاڑھ کر مناسب رنگ


چوڑی جھالر

# خوشنما جھالر

ترکیب:۔ کپڑا مضبوط ہر کی پٹی سات انچ چوڑی اور جتنی لانبی رکھنی مقصود ہو لیکر حسب نقشہ تار نکال لیجیے۔ جب تمام تار نکال چکیں تو تار کٹا ہوا کپڑا کاڑھ لیجیے۔ اب جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے بنالیں جہاں کاڑھا ہوا نظر آرہا ہے۔ وہ سب ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۱۲ سے بنا ہے۔ کنگورے بھی کاڑھ کر تھوڑا کپڑا چھوڑ کر تراش لیجیے۔ اب کپڑا موڑ کر کروشیا سے تکے بنا کر کچے تاگے کی جھالر بنادیں۔ بے حد دلفریب جھالر تیار ہوگی اگر احتیاط سے برتی جائیں تو کئی کئی سال کام آسکتی ہیں۔

سنجیدہ اشرف



سنجیدہ اشرف (از نگینہ)

Taj Tahir Foundation

# تیسرا باب

## گوشہ موڑے ہوئے انسرشن

### ضروری ہدایات

تارکشی بناتے وقت گوشہ موڑنا ذرا وقت طلب ہے۔ مبتدی لڑکیاں بہت گھبراتی ہیں۔ پس اس مشکل کو مدنظر رکھتے ہوئے گوشے موڑے ہوئے انسرشن جو کہ بہت خوبصورت ہیں اور بہت احتیاط سے تیار کئے گئے ہیں پیش خدمت ہیں ان بیلوں کو تیار کرنے کے بعد پھر کونہ موڑنے میں زحمت نہ ہوگی۔

(۱) **آسان کونہ۔** یہ کونہ بہت آسان ہے۔ اور ہر لڑکی بہت آسانی سے بنا سکتی ہے۔ صرف نمونے کے ہر طرف دوہری جالی بنالی جائے گی۔

(۲) **خوبصورت بیل معہ کونہ۔** اگر جمپر بلاوز کے گھیر آستین وغیرہ پر اور ٹیبل کلاتھ یا دسترخوان پر یہ بیل بنائیں تو اس کا سائز بھی مناسب ہے ایک رنگ سے خانے بھریئے۔ بہت خوبصورت معلوم ہوں گے۔ حسب پسند بیل پتلی چوڑی کی جاسکتی ہے۔ میں نے ایک دفعہ ایک جلسہ میں ایک بارہ سالہ لڑکی کو جمپر پہنے دیکھا۔ جمپر کا رنگ گہرا اودا تھا اور اس پر یہ بیل بنی تھی۔ جال اودے دھاگے سے ڈالا تھا۔ اور پھول و خانے سنہری کلابتوں سے بھرے ہوئے تھے رات کے وقت چمکتے ہوئے نہایت اچھے معلوم ہو رہے تھے۔ بہنیں کلابتوں سے بنائیں۔ بہت خوبصورت معلوم ہوگی۔

(۳) **گوشہ دار بیل۔** یہ بیل ٹیبل کور۔ تکیہ۔ غلاف ٹرے کلاتھ قمیص وغیرہ پر بہت عمدہ معلوم ہوگی۔ احتیاط سے بنائیں۔

(۴) **بیل معہ کونہ۔** یہ آسان بیل۔ صوفہ کشن کے لئے ہے۔ تکیہ غلاف۔ چھوٹے میز پوش وغیرہ پر اچھی معلوم ہوگی بنانے کا طرز نقشہ سے عیاں ہے۔

(۵) **میز پوش کے لئے سادہ کونہ۔** یہ کونہ میز پوش۔ کشن وغیرہ پر بنایئے۔ بہت اچھا معلوم ہوگا۔ آسان بھی ہے

(۶) **گوشہ موڑی ہوئی خوبصورت بیل۔** یہ دلفریب بیل جمپر کے گلے۔ تکیہ غلاف۔ ٹی ٹیبل کلاتھ وغیرہ پر بنایئے بہت اچھی معلوم ہوگی۔

(۷) **کشتی پوش۔** یہ گوشہ موڑا ہوا انسرشن کشتی پوش کے لئے ہے۔ ٹیبل کور۔ تکیہ غلاف۔ دسترخوان پر بھی اچھا معلوم ہوگا۔

(۸) **کونہ موڑا ہوا نظر فریب انسرشن۔** یہ انسرشن بہت خوبصورت اور آسان ہے۔ تکیہ کے غلاف۔ میز پوش کشتی پوش۔ صوفہ کشن۔ آئینہ پوش وغیرہ پر بنایئے کا مفصل طرز نقشے سے ظاہر ہے۔

(۹) **گوشہ موڑا ہوا حسین انسرشن۔** یہ انسرشن۔ تکیہ۔ غلاف۔ کرسی کی گدی۔ ٹیبل کلاتھ۔ جمپر کے گلے۔ دامن اور آستین وغیرہ کے لئے مناسب ہے۔ دامن اور آستین پر گوشہ موڑنے کی ضرورت نہیں سیدھے تار نکال کر فیتہ بنالیں۔

(۱۰) **چکردار پھولوں کی بیل۔** یہ بیل خصوصیت سے ٹیبل کور پر بنایئے۔ بہت خوشنما معلوم ہوگی اور نئی وضع کی ہے۔ بنانے کا طرز نقشہ سے عیاں ہے۔

غدیر فاطمہ

Taj Tamir Foundation





## تارکشی کا آسان کونہ (نمبر۱)

یہ کونہ بہت ہی آسان ہے۔ اس کو چھوٹی چھوٹی بچیاں بھی آسانی سے بنا سکتی ہیں۔ ایک چانوں تاگے نکال کر دونوں طرف سے ہیم کر لیجیے، صفائی شرط ہے۔ اگر پسند ہو تو ہر خانے کے اندر پھول بنا کر جیسا کہ کونہ کے خانہ میں بنا ہے بنا کر کاڑھ لیجیے۔ کاڑھنے کا طرز خاکے سے نمایاں ہے۔ سفید ریل نمبر ۳۰ استعمال کیجیے۔ (عقیلہ عسکری جعفری آگرہ)



## تارکشی کی خوبصورت بیل نمبر (۲)

معہ کونہ موڑ کر پھول بنانے کی ترکیب کے

ڈھائی اُنگل تاگے کپڑے کے چاروں طرف نکال کر ہیم کر لیجیے۔ پھر مطابق نقشہ جوڑان میں تاگہ باندھنا شروع کیجیے چھ لائن پڑیں گی۔ چوخانہ بن جائیگا۔ اب نمونہ مد نظر رکھ کر خانہ بھر لیجیے اور کونہ پر دھاگے جو پہلے سے جمع ہونگے درست کر کے پھول بھر لیجیے آسان بیل ہے اور نقشہ صاف۔

نفیس فاطمہ بنت احمد حسین سکندرآباد







## گوشہ دار بیل نمبر (۳)

نقشہ کے مطابق تاگے کھینچ کر بنائیے۔ بنانے کا طریقہ خاکہ سے عیاں ہے۔ کپڑے کے تاروں کا شمار اور پھولوں کی پتیوں کا اندازہ کرنا لازمی ہے۔ چھوٹی بڑی نہ ہونے پائیں ورنہ بدوضع ہونے کا خطرہ ہے۔ زیادہ ترکیب لکھنی بیکار ہے

سنجیدہ اشرف



## بیل معہ کونہ نمبر (۴)

یہ نازک بیل۔ صوفہ۔ کشن کے غلاف پر بنائیے۔ نہایت خوشنما صوفہ کشن تیار ہوگا۔ نقشہ مدنظر رکھ کر ایک انچہ چوڑے تاگے نکالئے۔ اور دونوں جانب سے ہیم کر لیجئے۔ پھر حسب نقشہ پہلے سے ہیم کئے ہوئے پہلے دو تار پھر چار تار باہم ملا کر گرہ لگاتے جائیے۔

اس طرح یہ بارڈر باندھ چکنے کے بعد چھ تاگے باندھ کر جالی اور پھول بنا لیجئے۔ پھول دو پتی کے بنائے جائیں گے کونے کا پھول درمیان میں تھوڑا گول تاگا بھر کے تھوڑی جگہ چھوڑ کر تاگے سے گرہ لگا کر دائرہ بنا لیجئے پھر اس دائرہ کا ایک ایک تار چھوڑ کر بندکیاں بنا دیجئے۔

بلاک کا نمونہ مکمل صوفہ کشن ملاحظہ فرمائیے۔

تاگہ ریل نمبر ۴ یا ۵۰ جے کا رٹن سن اسینڈ کو استعمال کیجئے۔

سیّدہ اشرف



Tahir Foundation



## میز پوش کے لئے سادہ کونہ نمبر (۵)

میز پوش کے لئے سادہ کونہ بنانے کا طریقہ نقشہ سے ظاہر ہے۔ زیادہ وضاحت کی ضرورت نہیں۔

سنجیدہ اشرف



## کشتی پوش نمبر (۷)

اس قسم کا تیار کردہ کشتی پوش نہایت خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ بنانا کچھ مشکل نہیں جس قدر بڑا کشتی پوش مطلوب ہو۔ کپڑا چاقو چھاپ ہرک۔ یا سی چالیس ہزار لیجئے۔ اور ڈیڑھ انچ کنارے موڑ کر ہیم کر لیجئے۔ پھر ڈھائی انچ کپڑا چھوڑ کر بیل کے لئے ڈیڑھ انچ تاگے نکال لیجئے۔ پھر ہیم کر چکنے کے بعد ہیم کئے ہوئے پانچ پانچ تار ملا کر درمیان تاگے سے باہم گرہ لگاتے جائیے۔ پھر حسب نقشہ دونوں بازو پر دو دو تاگے اور باندھئے۔ اس طرح تین جالیاں تاگے باندھ کر بنا لیجئے۔ پھر ہر چوتھے ہیم کئے ہوئے پانچ تاروں میں پھول بھرتے جائیے مکمل کشتی پوش بلاک کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے۔ زیادہ وضاحت کے لئے بیل کا نقشہ پیش نظر ہے۔ کشتی پوش کے درمیان کروشیا ڈراں تھریڈ ورک میں گنڈ لک بنایا گیا ہے۔ تاگہ۔ جے۔ پی۔ کوٹس کروشیا کاٹن یا ڈی۔ ایم۔ سی کاٹن نمبر ۸ استعمال کیجئے۔

سیّدہ اشرف

Taj Tahir Foundation





# کونہ موڑا ہوا نظر فریب انسرشن

(نمبر ۸)

یہ خوبصورت انسرشن، تکیہ غلاف اور میز پوش وغیرہ پر مناسب ہوگا۔ ڈی۔ ایم۔ سی۔ نمبر (۸) سے بنائیے۔ بنانے کا طرز خاکہ سے نمایاں ہے۔ صفائی کا خیال ضروری ہے۔

غدیر فاطمہ

# گوشہ موڑی ہوئی خوبصورت بیل نمبر (۶)

(بلاک کا نمونہ دیکھیے)

ترکیب:۔ نقشہ کے مطابق دھاگے نکالیں۔ چھ چھ تار ہیم کر لیجیے۔ اب فوٹو دیکھ کر تیار کر لیجیے زیادہ ترکیب بے کار ورق سیاہ کرنا ہے۔ بلاک سے اچھی طرح معلوم ہو سکتا ہے کہ کس طرح بنائی جائے۔

سنجیدہ اشرف

# گوشہ موڑا ہوا حسین انسرشن نمبر (۹)

(بلاک کا نمونہ ملاحظہ ہو)

ایک انچ تاگے نکال کر ہیم کر لیجیے۔ پھر چھ چھ بندھے تار درمیان سے باندھ کر مطابق نقشہ گرہ دے لیجیے۔ یہ آٹھ پھیر ہوں گے۔ گرہ دینے کے بعد پھول کی جگہ خود بخود چھوٹ جائے گی۔ مطابق نقشہ پھول بھر لیجیے۔

حنیف جیلانی لودی ڈھوگری

Taj Tahir Foundation





# چکّر دار پھولوں کی میز پوش کے لئے

## چوڑی بیل نمبر (۱۰)

اس قسم کا تیار کردہ میز پوش نہایت خوشنما ہو گا۔ میز پوش کسی عمدہ مضبوط کپڑے کا بنائیے۔ ورنہ اس قدر محنت اور دیدہ ریزی کا کام بہت جلد خراب ہو جائیگا اور بعد میں آپ کو محنت کا افسوس ہوگا۔ اس لئے ہمیشہ کام کی ابتدا سے پہلے ہی کپڑے اور تاگے کی موزونیت کا اندازہ اور اپنی محنت کا خیال کرلیا کیجئے

کپڑے سے دو انچ چوڑے تاگے نکال کر ہیم کر لیجئے

اب دس دس تار باہم ملا کر درمیانی تاگے سے ہیم گرہ لگائیے

اب حسب نقشہ بارہ تاگے اور باندھیئے۔ کونہ کا پھول کچھ مشکل نہیں۔ چکر دار پھول بندھے تاروں میں تھوڑا تھوڑا تاگا بھر کر ایک جانب سے دو دو تار کم کر کے خمدار پتیاں بنائیے۔

سنجیدہ اشرف

Taj Tahir Foundation



میزپوش
کا
کونہ



گوشہ موڑا حسین انسرشن




میز پوش

Taj Tahir Foundation



چڑوں کی جوڑی

# چوتھا باب

## کونے

### ضروری ہدایات

(۱) تکیہ کے غلاف اور بڑے کلاتھ کے لئے تارکشی کا کونہ۔ یہ کونہ بہت سہل اور خوشنما ہے تھوڑی محنت کے بعد جلد تیار ہو جائے گا مضبوط بھی ہے۔

(۲) سہل کونہ معہ کنارے۔ یہ کونہ بھی بہت آسان اور خوبصورت ہے۔ نوآموز لڑکیاں بھی جلد تیار کر سکتی ہیں۔ اس کونہ میں چونکہ کپڑا زیادہ ہے۔ اس لئے پائدار بھی ہے۔ تکیہ کے غلاف۔ بڑے کلاتھ۔ ٹی ٹیبل کلاتھ وغیرہ پر بہت اچھا معلوم ہو گا۔ بنانے اور تاگے کھینچنے کا مفصل طریقہ نقشہ نمبر (۱) سے عیاں ہے۔ بعد تیاری ملاحظہ ہو مکمل نقشہ۔

(۳) تارکشی کا خوبصورت کونہ۔ یہ کونہ میز پوش چادر اور تکیہ غلاف پر بہت بھلا معلوم ہو گا۔ مطابق نقشہ تیار کیجئے جو کہ نقشہ سے عیاں ہے۔

(۴) تارکشی کا نفیس کونہ معہ کنارہ۔ یہ کونہ خوبصورت اور سہل ہے چھوٹے میز پوش اور تکیہ غلاف وغیرہ پر بنایئے۔ میز پوش کے لئے کنارہ بھی بنا ہوا ہے۔

(۵) تارکشی کا خوشنما کونہ۔ یہ کونہ تکیہ کے غلاف میز پوش کرسی کی گدی اور مختلف چیزوں پر اچھا معلوم ہو گا۔ بہت خوبصورت اور پائیدار ہے۔

(۶) تارکشی کا نفیس کونہ۔ یہ کونہ بہت سبک اور اچھا ہے۔ میز پوش اور کشن وغیرہ پر بنایئے بہت خوبصورت معلوم ہو گا بنانے کا طرز خاکہ سے ظاہر ہے۔

(۷) میز پوش کا کونہ۔ یہ کونہ بہت خوبصورت ہے۔ درج شدہ سائز کا ٹیبل کور ہی پر مناسب ہو گا تکیہ غلاف کے لئے چھوٹا کر کے بنایئے۔ بنانے کا طرز نقشہ نمبر (۱) (۲) سے عیاں ہے۔

(۸) پھولدار کونہ۔ یہ دلکش کونہ۔ میز پوش تکیہ کے غلاف وغیرہ پر بہت اچھا معلوم ہو گا۔ حسب ہدایات تیار کیجئے اس قسم کونہ کی صفائی اور احتیاط کی بہت ضرورت ہے ورنہ ناس ہو جائے گا۔

(۹) میز پوش کا ایک کونہ۔ یہ کونہ میز پوش پر بہت ہی خوبصورت معلوم ہو گا۔ چاروں کونوں پر یہ کونے بنا کر بیچ میں کوئی مرکز بنا لیں۔ اور نقشہ کے درمیان جو حصہ کشیدہ کے لئے ہے صفائی سے کاڑھیں ڈالیاں سبز کاہی۔ پتیاں سبز۔ گلاب گلابی شیڈ دار۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# تکیہ غلاف اور ٹرے کلاتھ کے لئے تارکشی کا کونہ نمبر(۱)



مطابق نقشہ تاگے نکال کر نمبر(۱)
کی طرح باندھ لیجئے۔ بعدہٗ
کشیدہ کا نقشہ ٹریس کر کے
پھول گلابی اور پتے سبز ڈی
ایم۔ سی۔ کاٹن نمبر(۱۲) سے
کاڑھ لیجئے۔ دلکش ہونیکے
علاوہ آسان ہے۔

مس سیّد
اسحاق علی اجمیری

# سہل کونہ مع کنارہ

یہ نئی وضع کا خوبصورت کونہ بہنوں کے ہدیہ نظر ہے کپڑے پر کونہ کا نشان کر کے نمبر(۱) کی طرح تاگے کھینچئے۔ خیال رہے زیادہ یا کم نہ کھینچنے پائے۔ صرف بارہ بارہ تار نکل جائیں گے تو نمبر(۲) کے جیسا ہوگا۔ اب اُسے سب طرف سے ہیم کر لیجئے۔ جیسا کہ نمبر(۳) کے نقشہ سے عیاں ہے۔ سب طرف سے ہیم کر چکیں تو دیکھئے کہ اس نما نشان جو دکھائی دے رہے ہیں وہ سب کپڑا ہے۔ اس کپڑے سے بنانے کا طریقہ نقشہ نمبر(۴) سے خوب واضح ہے۔ اتنی ترکیب تارکشی کا شوق رکھنے والی نوآموز بہنوں کیلئے کافی ہوگی۔

سنجیدہ اشرف







Taj Tahir Foundation

## تارکشی کا خوبصورت کونہ نمبر (٣)



یہ کونہ تکیہ کے غلاف پر بنا ہوا
بہت خوبصورت معلوم ہوتا ہے
تیار کرنے کا طریقہ نقشہ سے عیاں ہے
بنت فاطمہ اکبرآبادی

## تارکشی کا خوشنما کونہ

نمبر (٥)

ج۔ ب۔ شملہ



Taj Tahir Foundation

# تارکشی کا نفیس کونہ معہ کنارہ نمبر ۱



سنجیدہ اشرف

# تارکشی کا نفیس کونہ (نمبر ۷)

یہ کونہ نہایت خوبصورت معلوم ہوتا ہے۔ اور تکیہ کے غلاف وغیرہ کے لئے بہت موزوں ہے۔

## ترکیب

نقشہ نمبر ۱ کے مطابق دھاگے نکالیں اب جیسا نقشہ نمبر (۲) سے ظاہر ہے دھاگوں کو دو حصوں میں تقسیم کر کے سوئی سے دھاگہ بھریں۔ جیسے نواڑ وغیرہ کی بنت ہوتی ہے۔ خانہ کو جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہے تاگے سے کس لیں۔

نقشہ نمبر (۳) مکمل ہے۔



بیگم ایم۔ اے
رحیم۔ ماچھپور

Taj Tahir Foundation

# تارکشی کا خوشنما کونہ نمبر(۲)

یہ کونہ میں نے اپنی سہیلی صاحبہ سے جوکہ تارکشی کی ماہر ہیں پارسال سیکھا تھا۔ چونکہ غیر معمولی طور پر خوبصورت بنتا ہے اس لئے بہنوں کی خدمت میں بھی ارسال کر رہی ہوں۔

یہ کونہ چھوٹے میز پوش پر یا اس کو بڑا کر کے ٹیبل کلاتھ پر بنائیے۔ خوب بہتر رہے گا۔

اشیا۔ میز جتنی بڑی ہو اتنا لٹھا ڈی۔ آئی لیجئے۔ اگر کونہ سفید بنانا مقصود ہو تو سفید ڈی۔ ایم۔ سی کا گولہ نمبر ۸۔ اور اگر رنگ دار بنانا ہو تو بھی ڈی۔ ایم۔ سی کا گولہ استعمال کیجئے۔ فریم اتنا بڑا ہو کہ سب کونہ بآسانی آ جائے۔ لیجئے پہلے نقشہ کو ٹیبل کلاتھ کے کونہ پر ٹریس کریں یعنی چاروں جانب کی لکیریں۔ پھر حسب نمونہ ایک خانہ کاٹ لیں اور ایک نہ کاٹئے۔ اسی طرح سب بنانے کر کے بغیر کاٹے ہوئے خانوں کے ڈورے نکال کر پچھلا خانہ لٹھے کا رہنے دیں۔ اور چاروں جانب ہیم کر لیں۔ بیڈنگ کی مانند پھر چھ چھ تاگے باہم ملا کر ڈی۔ ایم۔ سی۔ کے تاگے سے گرہ لگا کر کس کر باندھ دیں۔ وہ خانہ جس میں پھول بنانے ہوں گے اس پر تاگوں سے چھ تاریں تان دیں۔ اور جس میں بیڈنگ نما ٹکڑیاں بنائی ہیں ہیم کئے ہوئے پیچھے خانہ میں ۲ تاگے جس طرح شکل سے ظاہر ہے ▦ تان دیں اب یہ خانہ سے بن جائیں گے۔ پھولوں کو حسب نقشہ پُر کر لیں اور بیڈنگ ٹکڑیوں کو بھی اسی طرح پُر کریں۔ کہ ایک خانہ پُر کیا ایک چھوڑ دیا۔ چاروں طرف کلاتھ کی سلائی کر لیں کام فریم میں خوب زور سے تان کر کریں اور ہر گرہ اور تاگہ ڈالتے ہوئے تاگہ کھینچ کر ڈالیں۔ صفائی آئے گی۔ یہ کونہ محنت طلب ضرور ہے مگر خوشنما اس قدر بنتا ہے کہ محنت کا خیال نہیں رہتا۔ امید ہے بہنیں پسند کریں گی۔

ح۔ ب۔ شملہ




ہر عورت کو فن خیاطی کا ماہر ہونا چاہیئے
چمنستان خیاطی یعنی سوئی کا کام از محترمہ فاطمہ بیگم منشی فاضل
فن خیاطی یعنی کپڑوں کی کٹائی پر بہترین کتاب۔ بار دوم عہ
بوستان خیاطی۔ کپڑوں کی کٹائی سلائی کے عمدہ عمدہ نمونے نئی نئی قسم کے ........ قیمت عہ
گلستان خیاطی۔ از محترمہ غدیہ فاطمہ۔ زنانہ۔ مردانہ اور بچوں کے کپڑوں کی عام ترکیبیں اور ان کے نمونے۔ عہ
ملنے کا پتہ
عصمت بک ڈپو کوچہ چیلان دہلی

# میز پوش کا کونہ نمبر(۲)




مس سعیدہ ضمیر الدین

# میز پوش کا ایک کونہ نمبر (۱۰)




میز پوش بنانے کے لئے تارکشی کا ایک کونہ پیش کر رہی ہوں۔ نقشہ نمبر ایک کو دیکھ کر دھاگے نکال لیجئے پھر نقشہ نمبر ۲ کی طرح ہیم کریں اب نمبر ۳ نمبر ۴ کو بغور دیکھ کر بنالیں۔ گلاب نما خاکہ رنگین تاگے سے کاڑھ لیں۔

سنجیدہ اشرف

# تکیہ کے غلاف کا ایک کونہ



سنجیدہ اشرف

Al Tahir Foundation

## میز پوش کا کونہ نمبر (۸)

پہلے نقشہ نمبر ایک کی طرح مکمل کونے کے ایک طرف کے تار نکالئے بعد کو نمبر ۲ کی طرح نکالنے سے چوکڑی بن جائے گی جہاں کپڑے کے تار ختم ہو کر قینچی سے کاٹ دئے گئے ہیں۔ وہاں بٹن ہول اسٹچ بنا لیجئے۔ مزید سہولت کے لئے نقشہ نمبر ۳ ملاحظہ کریں۔ نمبر ۴ کو دیکھ کر کونہ مکمل کریں تاگے گن کر نکالیں۔ حساب نہ رہنے سے کونہ برابر نہ بنے گا۔ وہ بہن جو تارکشی کے کام سے بخوبی واقف ہیں صرف مکمل کونہ کا نقشہ دیکھ کر ہی اچھی طرح بنا سکتی ہیں۔ نوآموز بہنوں کے لئے میں نے تھوڑی بہت ہدایت لکھ دی ہے۔

مس سعیدہ ضمیر الدین

## میز پوش کے لئے پھولدار کونہ نمبر (۹)

بلاک کا نمونہ ملاحظہ فرمائیے

اس کونہ کو بنانے کے لئے اوّل تار نکال لیجے۔ پھر پانچ پانچ دھاگے باندھ کر پھول بھر لیجئے۔ دھاگے باندھنے کا طریقہ نمونے میں ایک طرف سے ظاہر ہے۔ میں نے اس طرح بنانے کا طریقہ کہیں نہ دیکھا۔ جدید طریقہ ہے۔ یقین کامل ہے کہ ناظرین پسند فرمائیں گی۔

سنجیدہ اشرف

# پانچواں باب

## مکمل میز پوش اور وسطی خاکے برائے میز پوش

### ضروری ہدایات

(۱) میز پوش۔ ٹیبل کور کے لئے کپڑا ناپ کر چاروں طرف دو دو انچ کا کپڑا موڑ کر حسب نمونہ جالی بنا لیجئے۔ پھر چاروں کونوں پر یہ کونے بنا کر کونوں کے اوپر گول پھول کاڑھیئے اگر پسند ہو تو وسط میں کوئی پھول بنا سکتی ہیں ورنہ آسان میز پوش تیار ہے۔

(۲) ہلالی کناروں کا آسان میز پوش۔ میز پوش کے گرد ہلال نما (حسب نمونہ) کنگورے کاٹ کر بٹن ہول اسٹچ کر لیجئے اور بعد مطابق نقشہ تیار کر لیجئے۔ آسان چیز ہے۔

(۳) مکمل کشتی پوش۔ یہ دلکش خاکہ کشتی پوش میز پوش وغیرہ پر بہت عمدہ معلوم ہوگا۔ حسب نمونہ تیار کیجئے۔ مکمل خاکہ بلاک میں ملاحظہ فرمائیے۔ بہت خوشنما اور کارآمد و پائدار چیز ہے۔

(۴) خوبصورت و نفیس میز پوش۔ یہ خاکہ میز پوش کے لئے بہت خوبصورت ہے۔ مع کناروں کے میز پوش تیار ہوگا۔ جو کہ حفاظت کے ساتھ رکھنے سے عرصہ تک کام دے گا بنانے کا طرز نقشہ سے عیاں ہے۔

(۵) کرسی پوش کا حسین مرکز۔ یہ مرکز ٹیبل کور چیر کلاتھ اور اسی قسم کے کپڑوں پر بہت عمدہ معلوم ہوگا آسان چیز ہے۔ دھاگہ نکالنے اور تیار کرنے کا طرز نقشہ میں ملاحظہ ہو۔

(۶) کرسی کے کپڑے کا نفیس مرکز۔ یہ مرکز بہت آسان ہے۔ میز پوش۔ کرسی پوش وغیرہ پر بہت اچھا معلوم ہوگا۔ اس مرکز کے ساتھ کا کونہ کونوں کے باب میں درج ہے۔ جو اس کے ساتھ بہت موزوں ہوگا۔

Taj Talim Foundation

# ہلالی کناروں دار میزپوش

(بلاک کا نقشہ ملاحظہ ہو)

نقشہ مدّنظر رکھ کر تیار کیجئے۔ آسان چیز ہے اور خوشنما

## میزپوش (نمبر ۱)

مس فاطمہ جعفر منشی۔ لکھیم پور کھیری



# مکمّل کشتی پوش نمبر (۲)

یہ کشتی پوش دو فٹ لانبا۔ ڈیڑھ فٹ چوڑا ہے۔ کشتی پوش اب آپ جتنا بڑا رکھنا چاہیں کپڑا لے کر کنارے موڑنے کے لئے کپڑا چھوڑ کر دھاگے نکالئے۔ نقشہ نمبر ایک کو دیکھ کر۔ دیکھئے نقشہ نمبر ۲۔ ایک طرف سے کنارے موڑ کر ہیم کر لیجئے دوسری جانب بھی ہیم کر لیں۔ اچھا لیجئے بیل بنانی شروع کیجئے۔ جیسا کہ نقشہ نمبر ۳ سے ظاہر ہے۔ وسطی دھاگہ باندھئے۔ بعد اس کے طریقہ نمبر ۴ کی طرح جال بنایئے۔ کپڑے کے دھاگوں کی دو جالیوں کے وسط میں جو دھاگے ہوں گے اس میں پھول بنایئے گا۔ ایک گول پھول اور ایک سادہ پھول بنے گا۔ گوشہ کا پھول اس طرح بنایئے۔ گوشہ میں چاروں طرف کے دھاگے ملا کر ۵۲ ہوں گے۔ چار دھاگے اور باندھئے۔ تاکہ پورے ساٹھ ہو جائیں۔ وسط میں جو گول دائرہ نظر آ رہا ہے وہ دھاگہ بھر کر بنایئے۔ بعد ازاں اس سے آدھے انچ کے فاصلے پر ہر ایک تار پر گرہ دے کر ایک حلقہ بنا لیجئے۔ پھر جیسا کہ نقشہ نمبر ۵ سے ظاہر ہے بنا لیجئے۔ پھر جب سب بنا چکیں تو تُرپکیاں بنا لیں جیسا کہ



مکمّل تیار شدہ بیل

Taj Tahrir Foundation

نمبر ۲ سے عیاں ہے۔ بنائیے۔ اسی طرح آگے بنائے جائیے گا۔ دیکھئے مکمل تیار شدہ بیل تار کشی کا ذوق رکھنے والی بہنیں بہت جلد تیار کر لیں گی۔ بے حد نفیس تیار ہو گی۔ صفائی اور احتیاط لازمی ہے ورنہ ذرا سی لاپرواہی سے ساری محنت اکارت ہو گی۔

کشتی پوش مکمل بنا ہوا بلاک میں ملاحظہ فرمائیے۔

سنجیدہ اشرف






گوشہ کا پھول بنانے کا طریقہ




Taj Tahir Foundation

# خوبصورت و نفیس خوان پوش



جس قدر بڑا خوان پوش بنانا منظور ہو کپڑے سے تاگے نکال کر جیسا کہ خوان پوش کے ایک حصہ سے ظاہر ہے پھر اس کپڑے کے تمام تاروں میں تاگہ بھر کر بنانا ہے۔ اب ان خانوں میں تاگے باندھ کر بُندکیاں بنا لیجیے۔ خانے اور کنارے کے بٹن ہول اسٹیچ کے درمیان کی لکیریں کاڑھ دیجیے۔ کنگورے بٹن ہول اسٹیچ کرکے کپڑا تراش کر علیحدہ کر دیجیے۔

سیدہ اشرف

Taj Tahir Foundation

# کرسی پوش کا حسین مرکز

## ترکیب

اوّل کپڑے پر نقشہ ٹریس کرلیجیے پھر لگے نکالیے جیسے نقشہ نمبر (۱) سے عیاں ہے۔ اور تمام لکیروں پر تاگہ پھیر کر کونوں پر اور درمیان میں پھول کاڑھ لیجیے۔



کاڑھنے کا طرز خاکہ سے نمایاں ہے بہت عمدہ معلوم ہوگا۔



امیر حامد رضا جعفری اکبرآبادی
مدراس

# کرسی کے کپڑے کا نفیس مرکز

یہ جالی جس طرح کونے بنائے گئے ہیں۔ بنائیے۔ بہت خوبصورت ہو گی۔ تیار کرنے کا طریقہ کونہ کی ترکیب میں بتایا گیا ہے۔ ایک نظر غور سے دیکھ لینے کے بعد بہنیں باآسانی تیار کر سکتی ہیں۔ کرسی کی پشت کا کپڑا بلاک میں ملاحظہ فرمائیے۔

سنجیدہ اشرف



# چھٹا باب

## گریبان

### ضروری ہدایات

(۱) خوبصورت کالر۔ یہ دلکش کالر بلاوز یا جمپر میں بنایئے۔ اس میں محنت زیادہ ہے اور ذرا احتیاط سے تیار کیا جائے گا۔ ذرا غور سے تاگے نکالیئے اور حفاظت کے ساتھ بنایئے۔

اوّل تو ہر کام میں صفائی اور احتیاط کو دخل ہے۔ مگر تارکشی وہ کام ہے کہ ذراسی بد احتیاطی کی اور ناس ہوا۔ اس کے لئے اطمینان صفائی اور یکسوئی لازمی ہے۔

(۲) دیدہ زیب کالر۔ یہ بہت خوبصورت کالر ہے محنت اور احتیاط سے بنایئے۔

(۳) بلاوز کا گلا۔ یہ گلا بلاوز اور جمپر پہ بنایئے۔ بہت آسان ہے۔ تاگے صفائی سے نکال کر جالی بنائی جائے گی۔ اور بیچ میں حسب نمونہ پھول بنے گا۔ دو جگہ کپڑے کے تار نکالے جائینگے وہاں نقشہ پنسل سے کھینچ کر صفائی سے تاگے نکالیں۔

(۴) جمپر کے خوشنما گریبان۔ یہ گلا بھی بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔ مگر تاگے آڑے نکالے جائیں گے۔ جو ذرا صفائی سے نکالیئے۔ پھر بنانا کچھ دشوار نہیں۔ بنانے کا طرز نقشہ سے عیاں ہے۔

(۵) قمیص کا خوشنما گریبان۔ یہ گریبان نہایت دلکش ہے۔ خاکہ مدّ نظر رکھ کر احتیاط سے تیار کیجئے چھوٹا بڑا گریبان مرضی پہ منحصر ہے۔ جتنا بڑا بنانا منظور ہو اسی قدر تاگے نکالیں۔

غدیرہ فاطمہ

# خوبصورت کالر

سیّدہ اشرف



یہ کالر آدھے سے کچھ زیادہ حصہ ہے۔ اسی طرح مکمل کالر کے تاگے نکال کر بنائیے۔ اس میں کراہت کا کام زیادہ ہے پہلے بیل کا کام کشتی اور کشیدہ ڈوری کا ایک ایک کا کپڑے کی سفید پھول بنایئے



# دیدہ زیب کالر



کالر کا نقشہ بغور دیکھ کر بنایئے۔ دھاگے نکالنے کا طریقہ مکمل کالر سے ظاہر ہے۔ سنجیدہ اشرف (از انگریزی)

# تارکشی میں قمیص کا خوشنما گریبان



ترکیب ۔ سوتی وائل یا کسی دوسرے ریشمی یا سوتی کپڑے کے قمیص قطع کر لینے کے بعد جس قدر گلا کاٹنا مقصود ہے اسی قدر پنسل سے لکیر بنا کر حد کر دیں پھر نمونہ سامنے رکھ کر دھاگے نکالئے کچھ دشوار نہیں ۔ تار تقریباً پندرہ نکلیں گے ۔ دھاگہ کھینچنے سے پہلے پنسل سے نشان بنا لیجئے ۔ اس کے بعد کپڑے کے ہم رنگ مضبوط دھاگے سے اسٹیچ کریں ۔ اور پھر ڈی ۔ ایم ۔ سی کے گولے سے جال بنا کر پھول بنالیں نقشہ صاف ہے اور آسان

مس ایس ۔ منور آغا جعفر علی اکبر آبادی لاہور

آستین کے لئے بیل



# جمپر کے لئے تارکشی کا ایک خوشنما گریبان



یہ کام چائنا سلک پر ڈی۔ ایم۔ سی کاٹن نمبر ۲۵ سے بنائیے۔

بنانے کی ترکیب نقشہ سے ظاہر ہے۔

بیگم سیّد لطیف احمد
ہینگن گھاٹ

# بلاؤز کا گلا

مطابق نقشہ دھاگے نکال کر چاروں طرف لہر بنا لیجئے۔ اس طرح کہ اوّل
ایک طرف سے دھاگے باندھ لیجئے۔ اس کے بعد دوسری طرف سے
آدھے تار ایک طرف کے آدھے آگے والے ملا کر سوئی نکالئے۔ لہریں بن جائیں گی پھر نمبر ۲ کی
جگہ مطابق نقشہ کپڑا قطع کر کے اطراف میں بٹن ہول اسٹیچ
بنا لیجئے۔ تاگے بھر کر حسب نمونہ پھول بنا لیجئے۔ بہت
خوبصورت اور آسان چیز ہے۔ نیچے کی
طرف موتیوں کا پھندنا لٹکا لیجئے
موتی اصلی ہوں ورنہ ڈھل کر
خراب ہو جائیں گے۔
صفائی کا خیال ضرور رکھیں



غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# ساتواں باب

## متفرق چیزیں

(۱) **تار کشی کا آرام دہ پنکھا۔** یہ پنکھا۔ بوسکی۔ سلک۔ یا اس قسم کے مضبوط ریشم کا بنا کر استعمال کیجئے۔ بیل بھی رنگین بنائیے۔ بہت خوبصورت معلوم ہوگا۔ اور بالکل نئی چیز ہے۔

(۲) **تار کشی کا خوش نظر دستر خوان۔** یہ مکمل دستر خوان، جو کہ نہایت آسان ہے لٹھے پر بنائیے بہت اچھا معلوم ہوگا۔ شعر ڈی۔ ایم۔ سی۔ کاٹن نمبر ۸ سے صفائی کے ساتھ سفید یا رنگین کاڑھ لیجئے۔ مہمانوں کے لئے دلفریب چیز ہے۔ اسی قسم کے دستر خوان اور بیلوں کے بھی بنائے جا سکتے ہیں۔

(۳) **پیٹی کوٹ نمبر ۱ و نمبر ۲۔** لٹھے کے بغیر کلی کے پیٹی کوٹ سی کر موجب ہدایات تیار کیجئے۔ بہت عمدہ اور خوبصورت چیز ہیں۔ بیلیں مضبوط۔ دھاگے یا تو ڈی۔ ایم۔ سی۔ سفید نمبر ۸ سے بنائیے۔ یا کسی اور مضبوط دھاگے سے تاکہ پائدار رہیں اور قبل از وقت خراب نہ ہوں۔

(۴) **تار کشی کے دستی بیگ۔** بوسکی کے بیگ بنائیے۔ اور اُن پر تار کشی کی رنگین بیلیں بنائیے۔ بہت فیشن ایبل اور خوشنما و پائدار چیز ہیں۔ بنانے کا طرز دونوں نقشوں سے عیاں ہے۔

(۵) **دیدہ زیب بلاؤز۔** یہ بلاؤز رنگین ریشم اصلی کا بنا کر ہم رنگ تاگے سے بیل کے خانے بنائیے۔ اور سنہری یا روپہلی کلابتون سے خانے بھریئے۔ نہایت خوبصورت اور نفیس معلوم ہوگا۔ بیل بنانیکا طرز بلاؤز کے علاوہ علیحدہ بیل سے عیاں ہے۔

(۶) **نظر فریب بلاؤز۔** یہ بلاؤز بھی بوسکی یا سلک کے بنائیے۔ اور اُس پر بیل ڈی۔ ایم۔ سی کاٹن سے بنائیے بہت خوبصورت معلوم ہوگی۔ بنانے کا طرز نقشہ سے ظاہر ہے۔

(۷) **تار کشی کے چند نمونے۔** یہ نمونے ایک ہی کپڑے پر کئی ہیں۔ کہیں تتی ہے کہیں انسرشن۔ کہیں پھول چوگوشہ کہیں گول کہیں بند کی دار غرض مطابق مرضی مختلف کپڑوں پر بنائے جا سکتے ہیں۔

(۸) **چڑوں کی جوڑی۔** یہ نقشہ بچّوں کے تکیہ وغیرہ کے لئے مناسب ہے۔

(۹) **تاج محل آگرہ۔** یہ نقشہ بے حد دلکش ہے۔ صفائی سے تیار کر کے فریم کرا لیجئے اور کمرہ میں لگائیے۔ سجانے کو خاص چیز ہے۔ بنانے کا مفصّل طرز بلاک کے نقشے میں ملاحظہ فرمائیے۔

(۱۰) **تکیہ غلاف۔** یہ خاکہ غلاف تکیہ پر بنا کر حسب ہدایات تیار کر لیجئے۔ خوشنما معلوم ہوگا۔

(۱۱) **ٹوپی پر تار کشی کی بیل۔** بہت کار آمد چیز ہے حسب ہدایت تیار کیجئے۔

(۱۲) **گلاس پوش۔** یہ نقشہ بھی بہت عمدہ ہے۔ بوسکی یا ریشمی ململ پر بنائیے۔ بیل بالکل سادی اور آسان ہے۔

اُمید ہے کہ حسب ہدایت بہنیں نقشے بنانے میں زحمت نہ اُٹھائیں گی اگر پھر بھی کوئی بہن نہ بنا سکیں تو میں مدد دینے کو تیار ہوں اور صاحب نمونہ اس شرط پر کہ اُن کا نمونہ بحفاظت واپس کر دیا جائے نمونہ بھی روانہ کریں گی۔

غدیرہ فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# پنکھا



بوسکی لے کر چاروں طرف انچ بھر کپڑا چھوڑ کر بیل حسب نمونہ تیار کیجئے۔ اور کونوں پر پھول بنائیے درمیان پنکھا کپڑا قطع کر کے اور دھاگے باندھ کر پھول بھر لیجئے۔ دو پرت بوسکی کے اسی طور پر تیار کر لیجئے۔ بوسکی پر رنگین ڈی۔ ایم۔ سی۔ کاٹن نمبر ۸ سے تمام کام کیا جائے پھر وصلی کے چوکور ٹکڑے پر بوسکی کے مخالف رنگ کا کاغذ یا کپڑا چڑھا کر تیار شدہ پرت مضبوطی کے ساتھ چسپاں کر لیجئے۔ اور ڈنڈی لگا لیجئے۔ بنی بنائی ڈنڈیاں بازار میں عام طور پر ملتی ہیں۔ پنکھا تیار کرنے کے بعد اگر مرضی ہو تو موتیوں کا یا کروشیا کا کنگورا اطراف میں لگا لیں۔ یہ نفیس پنکھا اگر بحفاظت رکھا گیا تو سالہا سال کام لے سکتی ہیں۔ میرا آزمودہ ہے۔

غدیرہ فاطمہ

# تارکشی کا خوش نظر دسترخوان



اوّل ڈیڑھ انچ کپڑا موڑ کر جالی بنا لیجئے۔ پھر دو انچ جگہ چھوڑ کر بیل کے لئے احتیاط سے دھاگے نکال لیجئے اور حسب نمونہ بیل تیار کر لیجئے۔ جو کہ آسان ہے۔ بعدہٗ درمیان میں شعر لکھ کر صفائی سے کاڑھ لیجئے بہت خوبصورت اور پائدار چیز ہے۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# پیٹی کوٹ کا خاکہ

یہ نقشہ پیٹی کوٹ کا ہے۔ کلی دار پیٹی کوٹ نہیں سادہ پیٹی کوٹ بنائیے۔ کنارے ہیم کرکے حسب نقشہ گھیر میں بیل بنا لیجئے نہایت اچھا پیٹی کوٹ تیار ہوگا۔ بیل بنانا کچھ مشکل نہیں۔ نقشہ سے خوب واضح ہے۔

سیدہ اشرف



تیار شدہ پیٹی کوٹ



Taj Tahir Foundation

# وضع دار پیٹی کوٹ

جسم کے مطابق بغیر کلیوں کا پیٹی کوٹ سی کر نیچے کپڑا موڑ کر نمونہ کے مطابق جالی بنا لیجئے۔ پھر دو انچ جگہ چھوڑ کر ایک انچ تاگے نکالئے اور مندرجہ ذیل بیل بنا لیجئے جو بہت آسان ہے اس کے علاوہ طرز تیاری خاکہ سے عیاں ہے۔ پھر دو انچ تاگے چھوڑ کر چھ تاگے نکالئے اور جالی بنا لیجئے۔

ملاحظہ ہو تیار شدہ پیٹی کوٹ۔

غدیر فاطمہ






# تارکشی کا دستی بیگ



بوسکی کا بیگ بنائیے۔ نفیس چیز ہے۔ رنگین ڈی۔ ایم۔ سی۔ نمبر ۸ سے تیار کیجئے۔
اوّل بیگ کے لئے کپڑے کر مطابق نقشہ بیل بنا لیجئے۔ پھر بیگ سی کر اندر تہ دے لیجئے۔ اور اُوپر سے کنارے موڑ کر جالی بنا لیجئے۔ بعدہٗ گردن پر چُنٹ ڈال لیجئے۔

غدیر فاطمہ

# زنانہ دستی تھیلی

سنجیدہ اشرف



مکمل نقشہ



Taj Tahir Foundation



تاج محل



چند نفیس نمونے ایک ساتھ

# تارکشی کا نظر فریب بلاؤز




Taj Tahir Foundation

# تارکشی کا دیدہ زیب بلاؤز

## مکمّل بلاؤز



بوسکی کا بلاؤز سی کر آستین دامن اور گلے کے مطابق خاکہ بیل بنا لیجئے مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو نقشہ نمبر (۱)۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation

# چڑوں کی جوڑی

(نمونہ بلاک کا ملاحظہ فرمائیے)

دھاگہ نکال کر پہلے نمبر (١) کی طرح ہیم کر لو۔ پھر نمبر (٢) کی طرح خانے بناؤ۔ اب چڑے کو دیکھ کر خانے بھرتی چلی جاؤ۔ بہت آسان ہے

احمد النساء شہرام

# تارکشی میں تاج محل آگرہ

(نمونہ بلاک کا ملاحظہ فرمائیے)

خاکہ مدِ نظر رکھ کر کپڑے کے تار نکال لیجئے۔ اور مطابق نمونہ تیار کیجئے۔ نقشہ چونکہ بلاک کا ہے اور طرز تیاری خاکہ سے عیاں ہے۔ بناتے میں دقت نہ ہوگی۔ پھر بھی جو بہنیں تیار نہ کر سکیں مجھ سے مدد لے سکتی ہیں۔

عقیلہ عسکری جعفری آگرہ

# تکیہ کا خوشنما غلاف

تکیہ کے غلاف خوشنما ڈیزائن بہنوں کی خدمت میں پیش کرتی ہوں اُمید ہے بہنیں پسندیدگی کی نظر سے ملاحظہ فرمائیں گی۔ تارکشی کا کام بغیر فریم کے صفائی سے نہیں بنتا۔ تارکشی کے کام میں بہنیں فریم ضرور استعمال کریں بغیر فریم کے کپڑا سکڑ کے خراب ہو جاتا ہے۔ غلاف کے لئے حسب نمونہ احتیاط سے کپڑے میں دھاگے نکال کر باریک ریل کے ڈورے سے ہیم اسٹیچ بنالیں۔ بعد ازاں سوئی میں ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۸ پرو کر مندرجہ بالا طریق سے خانوں میں ڈورے تان لیں۔ تنے ہوئے ڈوروں کے وسط میں گول دائرے کی شکل کا ایک ڈورا اور باندھ لیں۔ دائرے کے سرے پر سوئی نکال کے حسب نمونہ دائرہ بھرنا شروع کریں تمام دائرہ بھرنے کے بعد دائرے کے وسط میں ٹکلی بنالیجئے۔ تمام دائرے بھرنے کے بعد بالکل انگنیوں کی شکل معلوم ہونے لگتی ہے۔ انگنیاں نما پھول بنانے کا طریقہ بالکل آسان ہے۔ اُمید ہے بہنیں بآسانی سمجھ لیں گی۔ غلاف کے وسط میں گڈنائٹ خوشرنگ رنگوں سے کشیدہ کر لیجئے۔

عتیقہ خاتون بچھراؤں

# زنانہ دستی تھیلی

ترکیب تھیلی۔ نقشہ نمبر (١) کو دیکھ کر تار نکالئے۔ نمبر (٢) کی طرح تار باندھیں۔ اس جالی میں بیچ بیچ میں پتے بنائے جائیں۔ کروشیا کے مانند بھر کر پھول کے لئے حسب نقشہ پھول تار باندھ کر بنائیے۔ جب تمام تیار ہو چکے تو دونوں طرف سے بٹن ہول اسٹیچ بنائیے۔ تھیلی بنانے کا طریقہ اس مکمل نقشہ سے عیاں ہے۔

سنجیدہ اشرف

# چند نفیس نمونے ایک ساتھ

(بلاک کے نمونے ملاحظہ ہوں)

یہ نمونہ بذات خود ڈیزائن نہیں ہے۔ بلکہ مختلف قسم کے پھول بیل کا نمونہ ہے۔ ایک خوبصورت تیتری ہی ہے نمونہ نمبر (١) کے دھاگے صرف ½ انچ نکالے جائیں۔ اگر بیل چوڑی بنانی ہو تو تاگے زیادہ نکال کر اوپری تاگے دو یا تین بار چلائیں۔ پھول بنانے کے لئے بیلوں کے تاگوں کا ہی پابند نہ ہونا چاہیئے۔ بلکہ حسب ضرورت بڑھائے جا سکتے ہیں۔ مثلاً چاروں گوشوں سے اس طرح X زیادہ تاگے لینے میں پھول خوبصورت بنے گا۔ نمونہ نمبر (٢) گوشے مرکز وغیرہ بنانے کے لئے موزوں ہے پھول نمبر (٣) گوشوں پر بنائیں درمیان میں موزوں ہوگا۔

نمونہ بلاک کے ہیں اس لئے سمجھنے میں دقت نہ ہوگی۔

فاطمہ رضیہ فاضل

Taj Tahir Foundation

# تکیہ کا خوشنما غلاف




عتیقہ خاتون بچھراؤں دختر مولوی سلطان حسن

# مردانی ٹوپی دوپلّی پر تارکشی کی خوش نمابیل

ترکیب تیاری۔ رفل مِک یا ململ ٹوپی کے موافق لے کر دونوں پلّوں پر یہ بیل بنالیجیے۔ اس طرح کہ اوّل ایک انچ چوڑے اور لمبان ٹوپی کے برابر لانبے دھاگے نکال کر ہیم کر لیجیے اور چار تار ہیم کئے ہوئے چھوڑ چھوڑ کر چھ چھ تار حسب نقشہ باندھ لیجیے اور ان چاروں تاروں کا خانہ گرہ دے دے کر بنالیجیے جس کے لئے تاگہ باندھنا پڑے گا۔ درمیان والا تاگہ تو تمام بیل پر ایک ساتھ ہی پڑے گا۔ اور بقیہ علیحدہ جو کہ نقشہ سے خوب نمایاں ہیں۔ تاگہ باندھنے کے بعد نقشہ مدِّ نظر رکھ کر پھول بھر لیجیے۔ اور ٹوپی نمونہ کے مطابق تراش کر اور سی کر لٹھے کی گوٹ لگالیجیے گوٹ کا نقشہ بھی موجود ہے۔ یہ ٹوپی بہت اچھی معلوم ہوگی۔ اور بہت پائدار ہے۔ صفائی کا خیال ضروری ہے۔



گوٹ

# تارکشی کا دلکش گلاس پوش

بوتکی گول دائرہ کے برابر بے کر دوسری لکیر تک کنارہ موڑ کر بغیر تاگہ نکالے جالی بنا لیجئے۔ پھر درمیان میں چوکور دھاگے نکال کر حسب نمونہ بیل تیار کر لیجئے۔ اور M ایم کی جگہ اپنے نام کا حرف لکھ کر تاگے نکال کر اس کو بھی بنا لیجئے جیسے نقشہ بتا رہا ہے۔ پھر اطراف میں یا تو موتیوں کی جھالر لگا لیجئے یا کروشیا سے زنجیرہ بنا کر شیشہ کا موتی ہر کنگورے میں ڈال کر کنگورا تیار کر لیجئے جو کہ نقشہ سے نمایاں ہے۔ بہت خوبصورت اور روزانہ کام کی چیز ہے۔

غدیرہ فاطمہ




Taj Tahir Foundation



# تارکشی کا کشن



سنجیدہ اشرف



(از انگریزی)

مکمل بیل




# بلاؤز کے لئے دلفریب بیل

اوّل کپڑے میں ڈیرھ انچ یا ایک انچ مرضی کے مطابق تاگے نکال کر چھ چھ تار ہیم کر لیجیے۔ پھر ڈی۔ ایم۔ سی نمبر ۱۲ سے گرہ لگائیے۔ چو خانہ بن جائے گا۔ بعدہٗ حسب نمونہ خانہ بھر لیجیے۔ گریبان کے لئے گوشہ موڑا جائے گا اس کے لئے کنارے پر تاگے جمع ہو جائیں گے کل ۴۸ تار ہوں گے۔ بارہ بارہ تار جمع کر کے مکمل پھول دیکھ کر پھول بھر لیجیے۔ بعدہٗ بندکیاں بنا لیجیے۔

یہ بیل ٹیبل کور۔ تکیہ غلاف۔ کرسی پوش کے لئے بھی مناسب ہو گی۔

غدیر فاطمہ

Taj Tahir Foundation



رومال کی جالی



نازک بیل



نفیس انسرشن



گوشہ مڑی خوبصورت بیل

Taj Tahir Foundation



دیدہ زیب انسرشن



تارکشی میں جھالر

Taj Tahir Foundation

Taj Tahir Foundation

Taj Tahir Foundation

Taj Tahir Foundation

Taj Tahir Foundation